# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SKD/02 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | صوبہ | **شعبہ**(Department) | کفن دفن |
| **منصب**(Designation) | صوبائی ذمہ دار | **جوابدہ**(Report to) | نگران مجلس |
| **کام**(Function) | عاشقانِ رسول کے انتقال پر غسلِ میت اور کفن و دفن کے معاملات کرنا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | ڈویژن تا یوسی ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران مجلس کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا / کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال (Active) رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. عاشقانِ رسول کے انتقال پر غسلِ میت دینے، کفن و دفن کی سہولیات (Funeral Services) فراہم کرنے اور ان کے نمازِ جنازہ میں شرکت کرنے کے نظام کو مضبوط کرنا / کروانا۔
6. ناگہانی آفات (مثلاً زلزلے، سیلاب، طوفان اور حادثات وغیرہ) کے مواقع پر شہید ہونے والے مسلمانوں کے غسل اور کفن و دفن وغیرہ کے معاملات کرنا / کروانا۔
7. گورکن (قبر بنانے والوں)، کتبہ لکھنے والوں اور کفن و دفن کا سامان وغیرہ بیچنے والوں کے مدنی حلقے لگانا / لگوانا۔
8. دعوت اسلامی و دیگر اہلسنت کے جامعات و مدارس، گورنمنٹ و پرائیویٹ اداروں، سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز سے متعلقہ افراد کو کفن دفن کورس کروانا۔
9. اعراسِ بزرگانِ دین کے مواقع پر زائرین (Visitor) کو غسلِ میت اور کفن و دفن کا طریقہ سکھانے کا اہتمام کرنا / کروانا۔
10. ہفتہ وار اجتماعات، مدنی مذاکرہ اجتماعات اور دیگر اجتماعات میں شعبے کا بستہ (Stall) لگوانا اور مسلمز فیونرل (Muslim's Funeral) اپلیکیشن انسٹال کروانا۔
11. شعبے کے تربیتی اجتماعات میں شعبے کی طرف سے جاری ہونے والی ویڈیوز (Videos) کے ذریعے غسلِ میت اور کفن و دفن کا طریقہ سمجھانے کا اہتمام کرنا۔
12. ورثاء کو مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لیے مساجد، مدارس المدینہ و جامعات المدینہ وغیرہ بنانے یا تعمیرات میں حصہ لینے کا ذہن (Mindset) دینا / دلوانا۔
13. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا / کروانا۔
14. تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's) اور جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا / سمجھانا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا / کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا / رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول / سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
17. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا / کروانا۔
18. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: بی اے / بی ایس سی (BA/BSC) **دینی تعلیم**: درس نظامی + 12 دینی کام، اصلاح اعمال اور فیضان نماز کورسز کیے ہوں
- کسی تنظیمی ذمہ داری پر کم از کم 3 سے 4 سال اور فیلڈ میں کم از کم 3 سے 5 سال کا تجربہ
- Team-building, Problem-solving, People Management, Verbal Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Decision-making, Long-term Planning

**اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔**

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔